| | | |
|---|---|---|
| دسمبر 2018 | D.El.Ed Regular (ریگولر) ڈی۔ایل۔ایڈ | تیسرا سمسٹر III Semester |

## پرچہ : ریاضی کی تدریس

**Paper- DLED303DST : Pedagogy for Classes 6 to 8 : Mathematics Education**

Time : وقت : 3 Hrs گھنٹے — جملہ نشانات : 70 Maximum. Marks

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختصر ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

---

### حصہ اول

**سوال : 1**

(i) زوایہ $90^0$ کو زاویہ.............................. کہتے ہیں۔

(a) زاویہ حارہ (b) زاویہ قائمہ (c) زاویہ منفرجہ (d) زاویہ مستقم

(ii) $9588 \div 6 =$ ........................

(a) 1895 (b) 1958 (c) 5198 (d) 1598

(iii) 12250 گرام میں.................... کیلوگرام اور.............................. گرام ہوتے ہیں۔

(a) 120 kg 2050 g (b) 12kg 225g (c) 12kg 250 g (d) 122kg 50g

(iv) 91,112,49 کا HCF معلوم کیجیے۔

(a) 91 (b) 49 (c) 9 (d) 7

(v) صبح کے وقت سیر کرنے کے لیے تین شخص ایک ساتھ چلنا شروع کرتے ہیں۔ ان کے قدموں کے فاصلے بالترتیب 80cm، 85cm اور 90cm ہیں۔ ان میں سے ہر ایک کم سے کم کتنا فاصلہ طے کرے کہ تینوں اس فاصلے کو پورے پورے قدموں میں طے کر سکیں۔

(a) 12240 cm (b) 14440 cm (c) 12000 cm (d) 10000 cm

(vi) مثلث جن کے تینوں اضلاع غیر مساوی ہو........................ کہلاتا ہے۔

(a) مساوی الثاقین مثلث (Isosceles Triangle) (b) مساوی الاضلاع مثلث (Equilateral Triangle)

(c) مختلف الاضلاع مثلث (Scalene Triangle) (d) قائمہ زاوی مثلث (Right Angled Triangle)

(vii) (+12) + (-7) = ..................

(a) 19 (b) +5 (c) -19 (d) -5

(viii) حل کیجیے: $8\frac{1}{4}-2\frac{5}{6}$

(a) $5\frac{12}{5}$ (b) $12\frac{5}{5}$ (c) $12\frac{5}{12}$ (d) $5\frac{5}{12}$

(ix) ایک شہر کی آبادی 25,000 سے گھٹ کر 24,500 رہ گئی۔ گھٹاؤ کا فیصد (%) بتائیے۔

(a) 2.5% (b) 9.8% (c) 2% (d) 4%

(x) 0(1000) ----- 30 میں کون سی علامت لگے گی۔

(a) (Equal to ) = (b) (not equal to) ≠ (c) (less than) < (d) (Greater than) >

## حصہ دوم

-2 تعمیریت (Constructivism) اور ریاضی اکتساب پر ایک نوٹ لکھیے۔

-3 استقرائی اور استخراجی استدلال میں کیا فرق ہے؟ مثالوں کے ساتھ واضح کیجیے۔

-4 ریاضی کی ایک اچھی درسی کتاب کی خصوصیات بیان کیجیے۔

-5 طلبا میں ریاضی کا خوف /ڈر (Mathematics Phobia) کے وجوہات کیا ہو سکتے ہیں؟ اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔

-6 ریاضی میں Modelling Real World Problems سے کیا مراد ہے؟ مثال دیجیے۔

-7 ریاضی کے اکتسابی وسائل (Learning Resources) نصاب کے ٹرانزیکشن (Transaction) کو کس طرح موثر بنا سکتے ہیں۔ ایک نوٹ لکھیے۔

-8 پورٹ فولیو (Portfolio) کیا ہے اور اس کے کوئی پانچ فوائد لکھیے۔

-9 CCE کیا ہے اور تلخیصی تعین قدر (Summative Evaluation) کے فوائد لکھیے۔

## حصہ سوم

-10 فوقانیہ Upper Primary School کے ریاضی کے استاد کے کردار کو تفصیل سے بیان کیجیے۔

-11 اپر پرائمری سطح پر ریاضی لیبارٹری کی اہمیت کو بیان کیجیے۔

-12 بحیثیت ریاضی کے معلم آپ کمرہ جماعت میں جہاں معذور (Disabled) طلبا شامل ہیں وہاں کون سے سرگرمیاں اور وسائل کو تجویز کرو گے؟

-13 چار ضلعی اشکال (Qudrilaterals) کی خصوصیات بیان کیجیے۔

-14 مندرجہ ذیل مرتب شدہ مواد کا وسطانیہ (Median) معلوم کیجیے۔

| جماعتی وقفہ | 0-4 | 5-9 | 10-14 | 15-19 |
|---|---|---|---|---|
| تعداد | 2 | 3 | 1 | 2 |

☆☆☆